پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبہ مواصلات سینٹرل آفس، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی 400001
فون نمبر 9122 22660502 فیکس 9122 22660358

نومبر 12، 2016

روپیہ 500 اور روپیہ 1000 کے بینک نوٹوں کی لیگل ٹنڈر حیثیت واپس: آر بی آئی کا اعلان

اس وقت کے 500 روپیہ اور 1000 روپیہ کے بینک نوٹوں کی لیگل ٹنڈر حیثیت واپس ہونے کی وجہ سے بینکنگ سسٹم پر بہت بڑی ذمہ داری آگئی ہے کہ ان مخصوص نوٹوں کو بغیر کسی پریشانی اور ممکنہ آسانی کے ساتھ واپس لیں اور اس کے بدلے میں دوسری قیمت کے لیگل نوٹوں کو عوام کو دیں۔ اے ٹی ایم میں پڑے ہوئے ان مخصوص بینک نوٹوں کو وہاں سے نکالیں اور چند گھنٹوں میں ہی دوسرے لیگل ٹنڈر والے بینک نوٹوں کو ان مشینوں میں ڈالیں۔ اور اس طرح سے عوام کو مختلف بینک برانچوں میں اور اے ٹی ایم مشینوں سے ان نوٹوں کی تبدیلی کی جاسکے۔ یہ سارا کام اعلان کے چند گھنٹوں کے اندر ہی کرا رہا ہے۔ عوام کو کسی طرح کی پریشانی نہ ہو اس کے لئے پورے ملک میں ریزرو بینک کے سبھی دفاتر اور مختلف بینکوں کی برانچوں میں کام کے اوقات سے زیادہ وقت تک اسٹاف کام کر رہا ہے۔ بینکوں میں عوام کو راحت دینے کے لئے اضافی دفاتر کھولے گئے ہیں۔ 10 نومبر، 2016 کو تقریباً 10 کروڑ روپیہ کا ایکسچینج ٹرانزیکشن کیا گیا ہے۔ مزید یہ کہ سبھی بینکیں اور ریزرو بینک کے دفتر سنیچر اور اتوار کو کھلے رہیں گے عوام کو راحت اور آسانی فراہم کرنے کے لئے تاکہ حالات نارمل ہوسکیں۔

اس بات کو دھیان میں رکھتے ہوئے کہ دوسری قیمت کے لیگل ٹنڈر والے بینک نوٹوں (بشمول 2000 کا بینک نوٹ) کا اچھا خاصہ اسٹاک ہو ملک میں پھیلے ہوئے 4000 سے زیادہ کرنسی چیسٹ میں کافی رقم رکھ دی گئی ہے اور دوسری بینک برانچوں کو ان کرنسی چیسٹ سے جوڑ دیا گیا ہے تاکہ یہ برانچیں وہاں سے رقم حاصل کرتی رہیں۔ مانگ کو پورا کرنے کے لئے پرنٹنگ پریسیں اپنی پوری طاقت سے نوٹوں کو چھاپ رہی ہیں۔ تاکہ اچھی تعداد میں بینک نوٹ عوام کو مل سکیں۔

ان اقدامات کے ساتھ ساتھ ادائیگی کے دیگر ذرائع جیسے روپے کارڈ، پری پیڈ کارڈ، ڈیبٹ/کریڈٹ کارڈ۔ موبائل بینکنگ انٹرنیٹ بینکنگ کے استعمال پر زور دیا جا رہا ہے، وہ سبھی لوگ جن کے کھاتے ''جن دھن یوجنا'' کے تحت کھولے گئے ہیں اور ان کو روپیہ کارڈ جاری کئے گئے، پر زور دیا گیا ہے کہ وہ ان کارڈوں کو استعمال کریں۔ ایسے استعمال سے نقد ادائیگی پر بوجھ کم ہو جائے گا اور ان کو بھی ڈیجیٹل دنیا میں کام کا تجربہ بھی ہو جائے گا۔

ان تنسیخ شدہ نوٹوں کا تبادلہ 30 دسمبر، 2016 تک ملک میں پھیلی ہوئی سبھی بینک برانچوں میں ہوتا رہے گا۔ اس کے بعد میں مخصوص حالت میں ریزرو بینک کے چنندہ دفاتر میں ان بینک نوٹوں کو بدلا جاسکے گا۔ چونکہ کافی وقت ہے لہٰذا عوام کو بہت بھاگ دوڑ کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور وہ آرام سے اپنے نوٹوں کو بینک برانچوں سے تبدیل کرالیں۔

الپنا کلہ والا
پرنسپل ایڈوائزر

پریس ریلیز: 1190/2016-2017